Health Insurance
Marketplace

# اپنی ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس® کوریج کی درخواست دینے یا دوبارہ اندراج کرنے کے لئے تیار ہو جائیں

مارکیٹ پلیس کوریج کی درخواست دینے یا دوبارہ اندراج کرنے کے لئے، **HealthCare.gov** ملاحظہ کریں یا مارکیٹ پلیس کال سینٹر کو 1-800-318-2596 پر کال کریں۔ TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کر سکتے ہیں۔

اپنی درخواست شروع کرنے سے پہلے یہ معلومات تیار رکھیں۔ اس سے آپ کو اپنی درخواست کو تیزی سے پر کرنے میں مدد ملے گی۔

| کیا یہ تیار ہے؟ | مجھے اس کی ضرورت کیوں ہے؟ | مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں آپ کے نام اور تاریخ پیدائش سمیت بنیادی معلومات طلب کی جائیں گی۔ | آپ کی معلومات |
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں آپ کے گھر کے ہر فرد کے بارے میں پوچھا جائے گا، یہاں تک کہ وہ لوگ بھی جو کوریج کی درخواست نہیں دے رہے۔<br>مارکیٹ پلیس کے لئے، آپ کے گھرانے میں عام طور پر ٹیکس فائلرز اور ان کے ٹیکس پر منحصر افراد شامل ہوتے ہیں، لیکن استثنیات موجود ہیں۔ بعض اوقات اس میں وہ لوگ بھی شامل ہوتے ہیں جن کے ساتھ آپ رہتے ہیں لیکن وہ ٹیکس کے لحاظ سے آپ کے گھرانے میں نہیں ہیں۔<br>خود کو اپنی درخواست میں شامل کریں۔ جب آپ اپنی درخواست پر کریں گے تو شاید آپ کو مندرجہ ذیل لوگوں کے بارے میں سوالات کے جوابات دینے پڑیں:<br>▪ اپ کا/کی شریک حیات<br>▪ اپ کے بچے جو اپ کے ساتھ رہتے ہیں، بھلے ہی وہ اتنی رقم کماتے ہوں کہ خود ٹیکس ریٹرن فائل کر سکیں<br>▪ ہر وہ شخص جسے اپ اپنے ٹیکس ریٹرن میں منحصر فرد کے طور پر شامل کرتے ہیں، بھلے ہی وہ اپ کے ساتھ نہ رہتے ہوں<br>▪ 21 سال سے کم عمر کا کوئی اور شخص جس کی اپ دیکھ بھال کرتے ہیں اور جو اپ کے ساتھ رہتا ہے<br>▪ اپ کا غیر شادی شدہ ساتھی، صرف اسی صورت میں جب ان میں سے ایک یا دونوں لاگو ہوتے ہوں:<br>  ▪ وہ ٹیکس کے مقاصد کے لئے اپ کے منحصر ہیں<br>  ▪ وہ اپ کے بچے کے والد/والدہ ہیں<br>مزید معلومات کے لئے **HealthCare.gov/income-and-household-information/household-size** ملاحظہ کریں، یا مارکیٹ پلیس کال سینٹر کو کال کریں۔ | آپ کے گھرانے کے بارے میں معلومات |

| کیا یہ تیار ہے؟ | مجھے اس کی ضرورت کیوں ہے؟ | مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|
| ☐ | آپ کی رہائش کا مقام اس امر پر اثر انداز ہو سکتا ہے کہ آپ کس ہیلتھ کوریج کے اہل ہیں۔ آپ درخواست کے آغاز میں اپنی ریاست منتخب کریں گے۔ آپ یہ ظاہر کرنے کے لئے اپنے گھر کا پتہ درج کریں گے کہ آیا آپ اس ریاست کے رہائشی ہیں جہاں آپ کوریج کی تلاش میں ہیں۔ آپ اپنا ڈاک کا پتہ درج کریں گے۔ یہ عام طور پر آپ کے گھر کا پتہ ہی ہوتا ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو جس ریاست میں آپ رہتے ہیں، وہاں کا ڈاک کا پتہ فراہم کریں۔<br>اگر آپ کی درخواست میں شامل کسی شخص کا گھر یا ڈاک یا پتہ مختلف ہے تو ، آپ کو اس کی بھی ضرورت ہو گی۔ | **کوریج کی درخواست دینے والے ہر شخص کے گھر اور / یا ڈاک کے پتے** |
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں کوریج کی درخواست کرنے والے ہر شخص کے بارے میں بنیادی معلومات طلب کی جائیں گی، بشمول آپ کے ساتھ ان کا تعلق۔ | کوریج کی درخواست دینے والے ہر شخص کے بارے میں معلومات |
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں ہر شخص کا 9 ہندسوں کا SSN پوچھا جائے گا، یہاں تک کہ وہ لوگ بھی جو کوریج کے لئے درخواست نہیں دے رہے۔ درخواست کے آغاز میں آپ کے اجازت دینے کے بعد مارکیٹ پلیس سوشل سیکیورٹی کے ساتھ SSNs کی تصدیق کرے گا۔ اگر آپ SSN درج نہیں کرتے تو آپ کو بعد میں مزید معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ | ہر شخص کا سوشل سیکورٹی نمبر (SSN) |
| ☐ | اگر کوئی پیشہ ور آپ کی درخواست میں مدد کر رہا ہے تو، آپ اس کی معلومات درج کریں گے۔ ان پیشہ ور افراد میں نیویگیٹرز، تصدیق شدہ ایپلی کیشن کونسلرز، روبرو مدد کرنے والے اہلکار، ایجنٹ، اور بروکرز شامل ہیں۔ | درخواست دینے میں آپ کی مدد کرنے والے پیشہ ور کے بارے میں معلومات، اگر کوئی ہو |
| ☐ | اگر آپ کی درخواست میں کوئی قانونی طور پر موجود مہاجر شامل ہے جسے کوریج کی ضرورت ہے تو آپ سے اس کی امیگریشن دستاویزات سے معلومات فراہم کرنے کے لئے کہا جائے گا۔ | قانونی طور پر موجود ہر مہاجر کے لئے امیگریشن دستاویز کی معلومات |
| ☐ | اگر آپ وفاقی انکم ٹیکس فائل کرتے ہیں اور شادی شدہ ہیں تو مارکیٹ پلیس کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آیا آپ الگ سے یا مشترکہ طور پر فائل کرتے ہیں۔ آپ سے یہ بھی پوچھا جائے گا کہ آپ کس کے ٹیکس پر منحصر ہونے کا دعوی کرتے ہیں۔ | ٹیکس فائل کرنے کے طریقے کی معلومات |
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں آپ کے گھر میں ہر ایک کی آمدنی اور اخراجات کے بارے میں پوچھا جا سکتا ہے، یہاں تک کہ وہ لوگ بھی جو کوریج کے لئے درخواست نہیں دے رہے۔<br>مارکیٹ پلیس درج ذیل کو آمدنی کے طور پر شمار کرتا ہے:<br>▪ احرت اور تنخواہیں، جیسا کہ ہر شخص کے W-2 فارم اور تنخواہ کی پرچیوں پر رپورٹ کیا گیا ہے<br>▪ ٹپس<br>▪ کسی بھی ذاتی روزگار یا کاروبار سے خالص لمدنی<br>▪ بے روزگاری کا معاوضہ<br>▪ سوشل سکیورٹی کی ادائیگیاں، بشمول معذوری کی ادائیگیاں (لیکن اضافی سیکورٹی امدنی (SSI) نہیں)<br>▪ یکم جنوری 2019 سے قبل طلاق اور علیحدگی کی صورت میں طے شدہ نان نفقے کی رقم<br>▪ ریٹائرمنٹ یا پنشن کی لمدنی، بشمول زیادہ تر IRA یا 401k سے رقم نکلوانا<br>▪ سرمایہ کاری کی لمدنی، جیسے منافع یا سود<br>▪ کرائے کی لمدنی<br>▪ دیگر قابل ٹیکس لمدنی<br>آمدنی کے بارے میں مزید معلومات یا یہ جاننے کے لئے کہ کون سے آمدنی کے ذرائع شامل کرنے ہیں، **HealthCare.gov/income-and-household-information/income** ملاحظہ کریں۔ | آپ کے گھر میں ہر ایک کے لئے آجر اور آمدنی کی معلومات |

| کیا یہ تیار ہے؟ | مجھے اس کی ضرورت کیوں ہے؟ | مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں آپ سے اس سال کے لئے اپنی گھریلو آمدنی کا تخمینہ لگانے کی درخواست کی جا سکتی ہے جس سال آپ کوریج کی درخواست دے رہے ہیں۔<br>اگر آپ کو ٹھیک سے معلوم نہیں ہے تو اپنا بہترین تخمینہ لگانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔<br>اگر آپ کی آمدنی تبدیل ہوتی ہے یا آپ کے تخمینے سے مختلف ہے تو آپ کو بعد میں اس معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہو گی۔ مزید معلومات کے لئے **HealthCare.gov/reporting-changes/why-report-changes** ملاحظہ کریں۔<br>اپنی گھریلو آمدنی کا حساب لگانے میں مدد حاصل کرنے کے لئے **HealthCare.gov/income-calculator** ملاحظہ کریں۔ | آپ کی گھریلو آمدنی کا بہترین تخمینہ |
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کے گھر میں کسی کے پاس فی الحال ہیلتھ کوریج ہے، بشمول **Medicaid**، چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام **(CHIP)**، **VA**، **TRICARE**، **Medicare** ہیلتھ کیئر پروگرام، **Peace Corps**، **COBRA**، ریٹائرڈ فرد کی انشورنس، یا انفرادی انشورنس (بشمول مارکیٹ پلیس کوریج) یا آجر کے ذریعے کوریج۔<br>اگر کسی کے پاس اب کوریج ہے تو، آپ کو ان کے پالیسی نمبر درج کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ آپ یہ معلومات ان کے انشورنس کارڈ یا ان دستاویزات پر تلاش کر سکتے ہیں جو وہ اپنے پلان سے حاصل کرتے ہیں۔ | صحت کی موجودہ کوریج کی معلومات |
| ☐ | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں ہر اس ملازمت پر مبنی پلان کے بارے میں معلومات طلب کی جائیں گی جس کے لئے آپ یا آپ کے گھر میں کوئی بھی اہل ہے۔ اس میں آپ کے گھر کے ہر اس شخص کے لئے آجر سے رابطہ کی معلومات طلب کی جائیں گی جو ملازمت پیشہ ہے۔ آپ اس معلومات کو جمع کرنے میں مدد کے لئے ایمپلائر کوریج ٹول کا استعمال **HealthCare.gov/downloads/employer-coverage-tool.pdf** پر کر سکتے ہیں۔ اس ورک شیٹ کو خاندان کے ہر اس رکن کے لئے پر کریں جو ملازمت کے ذریعے روایتی ہیلتھ کوریج کے اہل ہیں، چاہے وہ ملازمت پر مبنی پلان میں شامل نہ ہوں یا مارکیٹ پلیس کوریج کی درخواست نہ دے رہے ہوں۔ | آجر کی معلومات |
| ☐ | اگر کوئی ایسے کاروبار کے لئے کام کرتا ہے جو انفرادی کوریج HRA یا اہل چھوٹے آجر HRA کے ذریعہ صحت کے پلان یا صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات کی ادائیگی میں مدد کی پیش کش کرتا ہے تو اپنی مارکیٹ پلیس کی درخواست مکمل کرنے کے لئے آجر کا نوٹس استعمال کریں۔ مزید جاننے کے لئے **HealthCare.gov/job-based-help** ملاحظہ کریں۔ | صحت کی باز ادائیگی کا انتظام (HRA) نوٹس (اگر کسی نے اپنے آجر کے ذریعے HRA کی پیش کش کی ہے) |

## اپنی ذاتی معلومات کی حفاظت کریں

کبھی بھی نقد رقم، تحائف، یا دیگر مراعات پیش کرنے والے کسی بھی شخص کے ساتھ اپنی معلومات کا اشتراک نہ کریں۔ سستی مارکیٹ پلیس انشورنس حاصل کرنے کے لیے **HealthCare.gov** سرکاری جگہ ہے۔

آپ کی درخواست، انتخاب اور اندراج میں مدد کے لئے آ لائن درخواست دیں یا مارکیٹ پلیس کال سینٹر سے **1-800-318-2596 (TTY: 1-855-889-4325)** پر رابطہ کریں۔

خود کو دھوکہ دہی سے بچانے کے بارے میں مزید تجاویز کے لئے **HealthCare.gov/protect-from-fraud-and-scams** ملاحظہ کریں اور جانیں کہ اگر آپ کو کسی مشکوک چیز کا شبہ ہو تو کیا کرنا ہے۔

CMS Product No. 11896 • September 2025

آپ کو اپنی معلومات قابل رسائی شکل میں حاصل کرنے کا حق ہے، جیسے بڑا پرنٹ، بریل، یا آڈیو۔
اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا ہے تو آپ کو شکایت درج کرنے کا بھی حق ہے۔
ملاحظہ کریں: **CMS.gov/About-CMS/Web-Policies-Important-Links/Accessibility-Nondiscrimination-Disabilities-Notice** ، یا
کال کریں: 1-800-318-2596. TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کر سکتے ہیں۔

یہ پراڈکٹ امریکی ٹیکس دہندگان کے خرچ پر تیار کی گئی تھی۔

ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس® امریکہ کا ایک رجسٹرڈ سروس مارک ہے۔ محکمۂ صحت اور انسانی خدمات۔

HealthCare.gov

CMS Product No. 11896 • September 2025
یہ مصنوعات امریکی ٹیکس دہندگان کے خرچ پر تیار کی گئی تھی۔
ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس® امریکہ کا ایک رجسٹرڈ سروس مارک ہے۔ محکمۂ صحت اور انسانی خدمات۔

DEPARTMENT OF HEALTH & HUMAN SERVICES · USA
HealthCare.gov